کا احاطہ کیا گیا ہے۔

(Richard C. De Angelis, The Muslim World, April 1997)

☆☆☆☆

فلپائن

مورو لبریشن فرنٹ میں فلپائنی مسلم خواتین کی شرکت (51)

مورو لبریشن فرنٹ کی جدوجہد جو 1969ء میں شروع ہوئی ' میں مسلمان عورتوں نے تین مراحل میں شرکت کی۔ پہلے مرحلے میں وہ فرنٹ میں بھرتی اور اس کے ممبروں اور حمایتیوں کی تنظیم سازی کے عمل میں شریک تھیں۔ دوسرے مرحلے میں جو فرنٹ کے فوجی آپریشن کے عروج کا دور تھا' وہ لڑنے والے افراد کی مختلف نوعیت کی ذمہ داریوں میں ہاتھ بٹانے میں سرگرم عمل رہیں۔ اس مرحلے میں فرنٹ کی قیادت اور جنگ کی صورتحال نے خواتین کے کردار کا تعین کیا۔ تیسرے مرحلے میں انہوں نے اپنے بطور عورت ترقی کے لئے واضح ایجنڈے کی تشکیل کا کام شروع کیا۔ انہوں نے اپنا ابتدائی کردار ختم نہیں کیا' بلکہ اپنی سرگرمیوں اور مقاصد کے حوالے سے اس میں توسیع کی ہے۔ اس وقت وہ فرنٹ کی پالیسی سازی میں ایک حد تک شریک ہیں۔ ان میں سیاسی آگاہی میں اضافہ ہوا ہے اور وہ اب زیادہ منظر عام پر دکھائی دینے لگی ہیں۔

(Vivienne SM. Angeles, The Muslim World, April 1996)

(حصہ دوم کے تمام مضامین کی تلخیص : سجاول خان رانجھا)